03.06.26

12.30 PM

SIGNATURE TUNE

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں----بصارت گُل

....

نشہ

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں سو روز پر مشتمل نشہ مکت ابھیان شدو مد کے ساتھ جاری ہے۔ سول اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے عوامی بیداری پروگراموں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف کڑی کاروائیاں کی جار ہی ہیں۔ انتظامیہ نے اس ابھیان کو اپنے منطقی انجام تک پہنچانے کا عزم کیا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔۔

سٹیٹ ہُڈ تلنگانہ

لوک بھون سرینگر میں کل تلنگانہ کے سٹیٹ ہُڈ ڈے کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ جموں کشمیر اور تلنگانہ میں یہ بات مشترک ہے کہ دونوں سرزمینوں کو بھگوان شِو کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ انہوں نے تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ریاست کے عوام کو سٹیٹ ہُڈ ڈے کی مبارکباد دی۔

ایل جی ملاقات

بی جے پی جموں کشمیر کے یوتھ پریزیڈنٹ سرینگر یش پارمو نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ستیہ میو جیتے نامی ہیومن رائٹس پروٹیکشن آرگنائزیشن کے صدر لیاقت علی اور جنرل سیکریٹری سعدیہ یاسین شاہ بھی اُنکے ہمراہ تھی۔

اس دوران جموں کشمیر اپنی پارٹی کے جنرل سیکریٹری رفیع احمد میر نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔

بابا برفانی فاؤنڈیشن کے وائس چیرمین روشن حسین کی سربراہی میں فاؤنڈیشن کا ایک وفد بھی ا یل جی سے ملاقی ہوا۔

بائسکل ڈے

آج ورلڈ بائسکل ڈے ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد بائیسکل کے استعمال سے ٹرانسپورٹ کے کفایتی، بھروسہ مند اور ماحول دوست ذریعے کوفروغ دینے اور صحت پر سائیکلنگ کے مثبت اثرات کو اُجاگر کرنا ہے۔ آج کے دن کی مناسبت سے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی سائیکل ریلیاں منعقد ہو رہی ہیں۔

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج رائل سپرنگس گالف کورس سرینگر میں ایک سائیکلو تھون کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس سائیکلو تھون میں زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور طالب علموں نے شرکت کی۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے سِول سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران ترہگام حلقہ انتخاب میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کے ہر انتخابی حلقے کی یکساں اور متوازن ترقی کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے افسروں کو لوگوں کے جائز مطالبات پورا کرنے کی ہدایت دی ۔ میٹنگ میں مذکورہ اسمبلی حلقے کے ایم ایل اے میر سیف اللہ بھی موجود تھے۔

سکینہ وفد

جے اینڈ کے لیکچررس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے سِول سیکریٹریٹ سرینگر میں تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں اپنی مطالبات کی ایک یاداشت پیش کی۔ وزیر موصوفہ نے لیکچررس کے مطالبات کا باریک بینی کے ساتھ جائزہ لینے اور ان کے جائز مطالبات کو پورا کرنے کا یقین دلایا۔

شیخ اعجاز

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے جموں کشمیر کے مختلف کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں میندا خلہ کے تعلق سے کالجوں کی الاٹمنٹ کے پہلے راؤنڈ کی فہرست جاری کی ہے۔ یہ فہرست محکمہ کے داخلہ پورٹل جے کے ایڈمشنز(ڈاٹ)اِن پر دستیاب ہے۔ ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر پروفیسر شیخ اعجاز بشیر کی جانب سے جاری ایک پریس بیان میں متعلقہ امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ آن لائن پورٹل پر مقرر کی گئی داخلہ فیس ادا کریں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات محکمہ کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

اکشے لابرو

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے افسروں کی ایک میٹنگ میں جل شکتی ابھیان کے تحت عملائے جا رہے جل سنچ جن بھاگیداری کے دوسرے مرحلے کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں مقرر کئے گئے اہداف کوحاصل کرنے کیلئے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا۔

ڈپٹی کمشنر نے جل شکتی محکمے کو آبی وسائل کی جیو ٹیگنگ کرنے کی ہدایت دی۔

ڈی سی بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان ، جو کہ ضلعے کے پرنسپل سینسس آفسر بھی ہیں نے متعلقہ افسرآن کی ایک میٹنگ میں مردم شماری 2027 سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کو اس سلسلے میں مقررکئے گئے اہداف اور مردم شماری اہلکارونکی ذمہ داریوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔ کمشنر موصوف نے یہ عمل خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدیات دی۔

اس دوران اطہر عامر خان نے محکمہ مال کے افسران کی ایک میٹنگ میں اس محکمے کی کار گزاری اور سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔

شہزاد عالم

مردم شماری کے تحت کولگام ضلعے میں جاری ہاوس لسٹنگ آپریشنز کا جائزہ لینے کیلئے ضلعے کے پرنسپل سینسس آفسر شہزاد عالم نے دمحال ہانجی پورہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے اس عمل میں با ضابطگی اور شفافیت کو بروئے کار لانے کی سخت ہدایت دی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ